2017年11月1日ジャング紙ラホール版2面

سکھ یاتری بابا گرونانک کے جنم دن کی تقریبات کیلئے کل لاہور پہنچیں گے

گوردواروں کو سجادیا گیا، متروکہ وقف املاک بورڈ کی ٹیم کا جنم استھان ننکانہ صاحب کا دورہ

لاہور (نمائندہ جنگ) سکھ یاتریوں کی پاکستان آمد ،بابا گورونانک جنم دن کی تیاریاں عروج پر پہنچ گئیں۔ گورودواروں کی تزئین وآرائش دلہن کی طرح سجادیا گیا ۔جنم دن کی تیاریوں کے لیے ڈپٹی سیکرٹری فراز عباس اور پبلک ریلیشنز آفیسر عامر حسین ہاشمی نے گورودوارہ جنم استھان ننکانہ صاحب کا دروہ کیا اس موقع پر ڈپٹی ایڈمسٹریٹر عمر جاوید اعوان، کیئر ٹیکر گورودوارہ عتیق گیلانی و دیگر افسران بھی انکے ہمراہ تھے ۔ڈپٹی سیکرٹری فراز عباس نے کہا ہے کہ چیئر مین بورڈ محمد صدیق الفاروق کے حکم پر ہماری ٹیم نے ایڈیشنل سیکرٹری شرئنز طارق خان وزیر کی نگرانی میں تمام تر انتظامی کام مکمل کر لیے ہیں بھارت سے کل 2 نومبر کو بذریعہ ٹرین واہگہ بارڈر کے راستے 3 ہزار کے قریب یاتری آئیں گے ۔ڈپٹی ایڈمنسٹریٹر ننکانہ عمر جاوید اعوان نے کہا کہ چیئر مین بورڈ محمد صدیق الفاروق ننکانہ کی ترقی اور اقلیتوں کی خدمت کے لیے مصروف عمل ہیں۔